ہمارے لئے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بہتر مددگار ہے القرآن

ABC CERTIFIED آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

★★★★★★★ اسلام آباد، راولپنڈی، ملتان، مظفرآباد، آزاد کشمیر، لاہور سے بیک وقت شائع ہونے والا موقر قومی اخبار ☎ 2331689-90

چیف ایڈیٹر: سردار خان نیازی

روزنامہ پاکستان اسلام آباد

THE DAILY PAKISTAN ISLAMABAD

جلد: 34 | ہفتہ 18 اکتوبر 2025ء، 23 ربیع الثانی 1447ھ، 4 کاتک 2082 ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 165

گاڑیوں کی ماحولیاتی چیکنگ، کلیرنس کیلئے ایس او پیز تیار

ایس او پیز کی رپورٹ پاکستان تحفظ ماحولیات ایجنسی نے وفاقی محتسب کو بھجوا دیں

اسلام آباد(سٹی رپورٹر)وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر پاکستان تحفظ ماحولیات ایجنسی(ای پی اے)اور اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ نے گاڑیوں کی ماحولیاتی چیکنگ اور کلیرنس کے لئے ایس او پیز تیار کر کے وفاقی محتسب کو رپورٹ دے دی ہے۔ ایس او پیز کے مطابق گاڑیوں کا دھواں اور کاربن ماحولیاتی آلودگی کا بنیادی سبب ہے جو انسانی صحت کے لئے بھی بہت مضر اور قلبی بیماریوں کا باعث ہے۔ ماحولیاتی تحفظ کے لئے گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیرنس کے لئے تیار کردہ ایکشن پلان کو مختصر مدتی اٹھارہ ماہ اور طویل مدتی پانچ سال کے دو مرحلوں میں تقسیم کیا گیا ہے، ایس او پیز کے مطابق پہلی ترجیح دھواں پھینکنے والی اور ڈیزل گاڑیوں کی چیکنگ ہے جبکہ پبلک ٹرانسپورٹ، آلودگی کا باعث بننے والی پرانی گاڑیوں، ٹرکوں اور ٹریکٹروں کی کلیرنس پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تا کہ اسلام آباد کو آلودگی سے پاک شہر قرار دیا جا سکے۔ ایس او پیز کے طویل مدتی ایکشن پلان میں الیکٹرک گاڑیوں کو پروموٹ کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان تحفظ ماحولیات ایجنسی ای پی اے نے سال 2008-09 میں گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیرنس کے لئے نیشنل انوائرمینٹل کوالٹی اسٹینڈرڈز کے نام سے معیارات تیار کئے جن کے مطابق آئی سی ٹی اور اسلام آباد پولیس کے تعاون سے گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیرنس جاری رہتی ہے۔ 2024-2025 کے دوران ان معیارات کی سنگین خلاف ورزیوں کے باعث 215 گاڑیوں کو جرمانے کئے گئے جبکہ 32 گاڑیوں کو بند کیا گیا۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے چند ہفتے قبل متعدد شکایات پر اسلام آباد کے ڈی چوک میں گاڑیوں کی ماحولیاتی کلیرنس کے لئے لمبی قطاروں کا نوٹس لیتے ہوئے اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ اور تحفظ ماحولیات کے ذمہ داران کو طلب کر کے وفاقی محتسب کے رجسٹرار محمد ثاقب خان کو انوسٹی گیشن آفیسر مقرر کیا تھا۔ وفاقی محتسب کے نوٹس کے بعد بتایا گیا کہ سال 2015 ماڈل تک کی گاڑیوں کی کلیرنس کی جا رہی ہے۔ وفاقی محتسب کے نوٹس کے بعد گاڑیوں کی لمبی قطاروں کا خاتمہ ہو گیا تھا تاہم وفاقی محتسب نے ای پی اے اور ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ وہ باہم رابطے سے گاڑیوں کی ماحولیاتی چیکنگ کے لئے ایس او پیز تیار کریں اور آئندہ عوام الناس کو اس مقصد کے لئے پریشان نہ کیا جائے۔ اب ای پی اے اور ڈپٹی کمشنر اسلام آباد نے آئندہ گاڑیوں کی ماحولیاتی چیکنگ اور کلیرنس کے لئے ایکشن پلان اور ایس او پیز تیار کر کے وفاقی محتسب کو بھجوا دیئے ہیں۔

ماحولیاتی آلودگی کیلئے وفاقی محتسب کا خوش آئند اقدام

وفاقی محتسب کی ہدایت پر ای پی اے اور ضلعی انتظامیہ نے ایس او پیز تیار کر دیئے

اسلام آباد (کامرس نیوز) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر پاکستان تحفظ ماحولیات ایجنسی (ای پی اے) اور اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ نے گاڑیوں کی ماحولیاتی چیکنگ اور کلیرنس کے لئے ایس او پیز تیار کر کے وفاقی محتسب کو رپورٹ دے دی ہے۔ ایس او پیز کے مطابق گاڑیوں کا دھواں اور کاربن ماحولیاتی آلودگی کا بنیادی سبب ہے جو انسا

باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم

5 نومبر کو پروٹیکٹر آف

امیگرینٹس آفس کا دورہ کریگی

اسلام آباد (کامرس نیوز) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پروٹیکٹریٹ آف امیگرینٹس آفس کے خلاف بدانتظامی کی شکایات کا ازخود نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکریٹریٹ کے سینئر ایڈوائزر

باقی صفحہ 6 نمبر 40

www.jang.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت؛ پاکستان کے ہر روزنامے سے زیادہ
ABC CERTIFIED
THE DAILY JANG RAWALPINDI
LOCAL EDITION SATURDAY OCTOBER 18, 2025
روزنامہ جنگ راولپنڈی
بانی...... میر خلیل الرحمن
صفحات 8 قیمت 35 روپے
جلد 67 | ہفتہ 24 ربیع الثانی 1447ھ 18 اکتوبر 2025ء 4 کاتک 2082ب | نمبر 285

گاڑیوں کی ماحولیاتی چیکنگ کلیرنس؛ ایس او پیز، وفاقی محتسب کو پیش

اسلام آباد کو آلودگی سے پاک کرنے کیلئے طویل، قلیل مدتی ایکشن پلان تیار کریں گے

اسلام آباد (طاہر خلیل) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر پاکستان تحفظ ماحولیات ایجنسی (ای پی اے) اور اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ نے گاڑیوں کی ماحولیاتی چیکنگ اور کلیرنس کے لئے ایس او پیز وفاقی محتسب کو پیش کر دیے، اسلام آباد کو آلودگی سے پاک کرنے کیلئے طویل، قلیل مدتی ایکشن پلان تیار کریں گے۔ گاڑیوں کا دھواں اور کاربن ماحولیاتی آلودگی کا بنیادی سبب اور انسانی صحت کے لئے بھی انتہائی مضر اور قلبی بیماریوں کا

باقی صفحہ 6 نمبر 47

بقیہ 47 گاڑیاں رچیکنگ

سبب قرار، ماحولیاتی تحفظ کیلئے گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیرنس کے لئے تیار ایکشن پلان کو مختصر مدتی (اٹھارہ ماہ) اور طویل مدتی (پانچ سال) کے دو مرحلوں میں تقسیم کیا گیا ہے، ایس او پیز کے مطابق پہلی ترجیح دھواں پھینکنے والی اور ڈیزل گاڑیوں کی چیکنگ ہے جبکہ پبلک ٹرانسپورٹ، آلودگی کا باعث بننے والی پرانی گاڑیوں، ٹرکوں اور ٹریکٹروں کی کلیرنس پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے تاکہ اسلام آباد کو آلودگی سے پاک شہر قرار دیا جاسکے۔

DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk

ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ
دنیا
اسلام آباد

SATURDAY, OCTOBER 18, 2025

جلد نمبر 31 | ہفتہ 24 ربیع الثانی 1447ھ 18 اکتوبر 2025ء 4 کاتک 2082 ب | شمارہ 226

فون نمبر: 051-2891830 فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 8 قیمت 35 روپے

گاڑیوں کی ماحولیاتی چیکنگ، کلیئرنس کے لئے ایس او پیز تیار

معیارات کی خلاف ورزیوں پر 215 گاڑیوں کو جرمانے، 32 کو بند کیا گیا

تحفظ ماحولیات ایجنسی، اسلام آباد انتظامیہ نے رپورٹ محتسب کو پیش کر دی

اسلام آباد (نامہ نگار) پاکستان تحفظ ماحولیات ایجنسی (ای پی اے) اور اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ نے گاڑیوں کی ماحولیاتی چیکنگ اور کلیئرنس کے لئے ایس او پیز تیار کر کے وفاقی محتسب کو رپورٹ دے دی ہے۔ ایس او پیز کے مطابق گاڑیوں کا دھواں اور کاربن ماحولیاتی آلودگی کا بنیادی سبب ہے جو انسانی صحت کے لئے بھی بہت مضر اور قلبی بیماریوں کا باعث ہے۔ ماحولیاتی تحفظ کے لئے گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیئرنس کے لئے تیار کردہ ایکشن پلان کو مختصر مدتی (اٹھارہ ماہ) اور طویل مدتی (پانچ سال) کے دو مرحلوں میں تقسیم کیا گیا ہے، ایس او پیز کے مطابق پہلی ترجیح دھواں پھینکنے والی اور ڈیزل گاڑیوں کی چیکنگ ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا 2024-2025ء کے دوران ان معیارات کی سنگین خلاف ورزیوں کے باعث 215 گاڑیوں کو جرمانے کئے گئے جبکہ 32 گاڑیوں کو بند کیا گیا۔